تبصرے

ادبی اور قومی تذکرے تقطیع کلاں۔ ضخامت ۲۹۵ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت مجلد ہے
چھ روپیہ آٹھ آنے پتہ:۔ انجمن ترقی اردو (ہند) علی گڑھ۔

جناب کشن پرشاد صاحب کول اردو زبان کے نامور اور کہنہ ادیب ہیں مختلف معیاری ادبی رسالوں میں آپ کے مقالات شائع ہوکر اربابِ ذوق سے خراج تحسین حاصل کرتے رہے ہیں اس مجموعہ میں انہیں مقالات کو مع چند ریڈیو کی تقریروں اور دو ایک غیر مطبوعہ مقالات کو یکجائی صورت میں شائع کیا گیا ہے۔ جیسا کہ نام سے ظاہر ہے یہ مقالات دو قسم کے ہیں ایک ادبی اور دوسرے قومی۔ ادبی مقالات میں ہندی اردو۔ نیا ادب۔ اور اکبرالہ آبادی کی شاعری اور ہندوستانی کلچر اور راجپی لااور ایلوی کے خطوط خاص طور پر بہت دلچسپ اور مفید معلومات کے حامل ہیں۔

قومی تذکرہ میں گاندھی جی۔ راجہ رام موہن رائے۔ سوامی دیانند سرسوتی، سرسید وغیرہم کا ذکر ہے۔ فاضل مصنف ادیب ہونے کے علاوہ ملک کی متعدد بلند پایہ شخصیتوں اور تحریکوں سے وابستہ رہے ہیں اس لئے ان مقالات کی حیثیت صرف ادبی نہیں بلکہ تاریخی اور ثقافتی اعتبار سے بھی ان کی بڑی اہمیت ہے۔ اندازِ بیان ایسا شگفتہ اور دل آویز ہے کہ ایک مرتبہ مضمون شروع کرنے کے بعد ایسے ختم کئے بغیر چھوڑ دینے کو جی نہیں چاہتا۔ امید ہے کہ یہ مجموعہ مقبول ہوگا۔

حیدرآباد دکن میں

الہ برہان اور ندوۃ المصنفین کی مطبوعات ذیل کے پتہ پر خرید فرمائیے:۔
منیجر صاحب مدینہ کتاب گھر۔ مدینہ بازار حیدرآباد دکن